tnkalvi.online

No. Of Printed Pages : **7**

**8554**

*Register Number*

# Language - Part IV - URDU

Time Allowed : 3.00 Hours ] [ Maximum Marks : 100

**Instructions :** (1) Check the question paper for fairness of printing. If there is any lack of fairness, inform the Hall Supervisor immediately.

(2) Use **Blue** or **Black** ink to write and underline and pencil to draw diagrams.

**نوٹ :** (1) صاف طباعت کے لئے پرچہ جانچ لیں۔ طباعت کی مشکل ہوتو امتحان ہال کے نگران کو اطلاع دیں۔

(2) سیاہ یا نیلی روشنائی کا استعمال لکھنے کے لئے کریں۔

## PART - I / حصّہ - اوّل

**[15 Marks]**

**15x1=15**

**(الف) صحیح جواب منتخب کیجئے :**

(Choose the **correct** answer.)

**1.** محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت پورے عالم کے لئے _____ کی حیثیت رکھتی ہے۔

(الف) اسوۂ کامل (ب) اسوہ (ج) نمونہ

**2.** عالم رسالت میں _____ رسالت کی جو کتاب ادھوری تھی۔

(الف) دفعہ (ب) آئین (ج) دستور

**3.** ادھر سے لڑکے دوڑے، اُدھر سے پٹھان _____ بھاگا۔

(الف) نوکر (ب) سیٹھ (ج) ڈرائیور

**4.** بقول سید سلیمان ندوی اردو زبان کا آغاز _____ سے ہوا۔

(الف) عرب (ب) سندھ (ج) لکھنؤ

[ Turn over

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online



5. نظر نہ ہوتو _____ دکھائی کیا دے گا۔

(الف) نقّارہ (ب) نظارہ (ج) تماشہ

6. دل کا _____ پلا کر پالا ہے ہم نے اس کو

(الف) شربت (ب) پانی (ج) لہو

**(ب)** جوڑ لگائیے:

(Match the following.)

| | **(الف)** | | **(ب)** |
|---|---|---|---|
| 7. | اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر | (i) | اخلاق وشرافت سے عاری تھی |
| 8. | سب کی پسند ہے یہ | (ii) | تتلی کی طرح پھرتی رہی |
| 9. | ماں باپ کے حکموں پر | (iii) | ہر دل جستجو ہے |
| 10. | چودہ سو سال پہلے ساری دنیا | (iv) | محمد قلی قطب شاہ |

**(ج)** مختصر جواب لکھئے :

(Write in brief.)

11. اسم خاص کی کتنی قسمیں ہیں؟

12. مصدر کی علامت کیا ہے؟

13. 'اکبر نے شیر کو مارا' اس جملے سے فعل، فاعل اور مفعول الگ کریں۔

14. ''گھر کی مرغی دال برابر''۔ اس ضرب المثل کا مطلب بتائیے۔

15. معنوی لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online



## PART - II / حصّہ- دوّم

**[18 Marks]**

### SECTION - 1

ذیل کے سوالوں میں سے **صرف چار (4)** کے جوابات لکھئے : **4x2=8**

(Answer **any four** questions.)

16. ایمان ویقین ہمیں کیسے حاصل ہوتا ہے ؟

17. زندگی کس چیز سے بنتی اور سنورتی ہے؟

18. اردو زبان کے تعلق سے شاعر کے ہونٹوں پر کیا دعائیں آتی ہیں؟

19. نظم ''ایک آرزو'' کے شاعر کا نام بتایئے۔

20. میر انیسؔ کو کس بات پر حیرانی ہے ؟

21. شوہر دُکان سے گیہوں، چاول، دال اور تیل کس طرح لاتے تھے؟

### SECTION - 2

ذیل کے سوالوں میں سے **کسی پانچ** کے جوابات لکھئے۔ **5x2=10**

(Answer **any five** questions.)

22. والدین اور اساتذہ طلبہ کے حق میں کیا ثابت ہوئے؟

23. رسول اکرمؐ کو دوست اور دشمن کیا کہہ کر پکارتے تھے؟

24. کون سی کتاب یورپ کی یونیورسٹیوں میں چھ سو سال تک پڑھائی جارہی تھی؟

25. دماغ کو سکریٹریٹ کیوں کہا جاتا ہے؟

[ Turn over

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online



26. شمالی ہندوستان اور دکن کی اردو میں ایک بڑا فرق کیا ہے؟

27. کونسی خواتین لمبی عمر پاتی ہیں؟

28. تار پڑھ کر ابّا جان کا کیا حال ہوا؟

## PART - III / حصّہ - سوّم

**[18 Marks]**

### SECTION - 1

ذیل کے اشعار میں سے **کسی دو** کے بحوالہ متن تشریح کیجئے : **2x3=6**

(Explain **any two** couplets with reference to the context.)

29. پھر خدا جانے کدھر دن میں نکل جاتا ہے
رات بھر وہ جو لگاتا رہا پھیرے اندر

30. تیری تجلیوں کا مرکز بنا ہوا ہے
دل کو نہ کیوں کہوں میں گلزارِ نور تیرا

31. غم کو غلط کرتی رہو، سسرال میں ہنس بول کر
شربت کے گھونٹوں کی طرح، پیتی رہو خونِ جگر

### SECTION - 2

ذیل کے سوالات میں سے **صرف دو** کے جواب لکھئے۔ **2x3=6**

(Answer **any two** questions.)

32. شہزادی نے اپنے محبوب کو کس طرح پہچانا؟

33. شبانہ کی بات سن کر آصف کا کیا حال ہوا؟

34. (الف) جج صاحب نے کثافت میاں کو کیا سزا سنائی؟

**یا**

(ب) مچھر سے حضرت سلیمانؑ نے فیصلہ سنانے کے لئے کیا شرط رکھی؟

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online



## SECTION - 3

**2x3=6** درج ذیل میں سے **کسی دو** سوالات کے جواب لکھئے۔

(Answer **any two** of the following questions.)

**35.** زمانے کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

**36.** اسم عام اور اسم خاص کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

**37.** تشبیہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

## PART - IV / حصّہ - چہارم

**5x5=25** **[25 Marks]**

**کسی ایک** نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے :

(Write the summary of **any one** poem.)

**38.** (a) نظم ''ترانۂ اردو'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

**یا**

(b) نظم ''چپ کی داد'' میں حالؔی نے عورتوں کی کن کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟

**39.** ذیل میں سے کسی دو نظموں کے اشعار اپنی یادداشت سے ترتیب وار لکھئے۔

(i) پھولوں میں حسن ------- سے ------- گلزارِ نور تیرا (تک)

(ii) جو آیا ہے اُسے ------- سے ------- پہچان لیا ہے میں نے (تک)

(iii) آلام روزگار ------- سے ------- حیران بنا دیا (تک)



TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online



**40.** درج ذیل نظم کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیں :

زندگی کی کشمکش سے ہے وقارِ زندگی
کوششِ پیہم پہ ہے دارومدارِ زندگی
آدمی کے خون میں گرمی نہیں تو کچھ بھی نہیں
چل نہیں سکتا کبھی یوں کاروبارِ زندگی
شومئی تقدیر کی بے جا شکایت ہے تجھے
سعی کر، خود ہے زمانہ سازگار زندگی
باغباں کو جب خیالِ گلشن آرائی نہیں
کیوں نہ باغِ زندگی ہو خارزارِ زندگی

**سوالات :**

(i) زندگی کا وقار کس سے ہے ؟

(ii) آدمی کے خون میں کیا نہیں تو کچھ بھی نہیں؟

(iii) شاعر کس بات کی شکایت کرنے سے منع کرتا ہے؟

(iv) باغِ زندگی کب خارِ زندگی بن جاتا ہے؟

(v) اس نظم کا نام اور شاعر کا نام لکھئے۔

**41.** ذیل کی انگریزی عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

(Translate into Urdu.)

We should have reading practice daily. Books are the best friends. Good books enrich our knowledge and direct us towards what is good and bad. We may give books as a gift to others during occasions.

**42.** درج ذیل میں سے کوئی ایک خط تحریر کیجئے :

[Write **any one** of the letters]

(a) میر مدرّس (ہیڈ ماسٹر) کے نام خط لکھئے جس میں اپنی علالت کے لئے چھٹی طلب کیجئے۔

**یا**

(b) کتب فروش کے نام خط لکھتے ہوئے اپنی ضرورت کی کتابیں طلب کیجئے۔

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online



## PART - V / حصّہ - پنجم

3x8=24 (24 Marks)

**43.** ذیل میں سے کسی **ایک** سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے :

[Write the summary of **any one** lesson]

(a) ''رسول اکرمؐ کے اخلاقِ عالیہ'' پر سبق کی روشنی میں خلاصہ لکھئے۔

**یا**

(b) طلبہ اپنے اوقات کو کس طرح استعمال کریں۔

**44.** **(سرسری مطالعہ)**

**ذیل میں سے کسی ایک افسانہ کا خلاصہ تحریر کیجئے :**

[Answer **any one**]

(a) ضیاء جعفر کا افسانہ ''اونچی اُڑان''

**یا**

(b) علی عباس حسینی کا افسانہ ''نورونار''

**45.** کوئی ایک مضمون لکھئے:

(a) ''سائنس کی موجودہ ترقی اور اس کے فوائد''

**یا**

(b) علم کی اہمیت وافادیت پر ایک مضمون لکھئے۔

- o O o -

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-part-iv-public-march-2025 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share